موضوع پر ایک کامیاب کوشش ہے۔ امید ہے کہ اربابِ ذوق اس کی قدر کر کے لائق مصنف کی حوصلہ افزائی کرینگے۔

مسلمان بچوں کی پہلی کتاب از مقبول احمد صاحب سیوہاروی تقطیع خورد ضخامت ۷۱ صفحات کتابت طباعت بہتر قیمت ۳ر پتہ:- مکتبہ جامعہ نئی دہلی یا لکھنؤ - یا مکتبہ برہان نئی دہلی

مقبول احمد صاحب کو سہل اور آسان زبان میں بچوں کے لیے کتابیں لکھنے کا خاص سلیقہ ہے، اس سے پہلے وہ بچوں کے لیے کئی کتابیں لکھ چکے ہیں جو بعض مدارس کے کورس میں داخل ہیں۔ اب اُنھوں نے یہ کتاب بچیوں کے لیے لکھی ہے۔ زبان بہت آسان ہے اور اسباق ایسے ہیں کہ اُن سے مذہبی اور دینی معلومات کے ساتھ ساتھ عام خانہ داری اور رہنے سہنے کی چیزوں کے متعلق بھی معلومات حاصل ہو جاتی ہیں۔ مسلمان بچیوں کے نصابِ تعلیم میں اس کتاب کا داخل ہونا مفید ہوگا۔

محمد رسول اللہ از مقبول احمد صاحب سیوہاروی تقطیع خورد ضخامت ۱۶۰ صفحات طباعت وکتابت بہتر قیمت درج نہیں۔ پتہ:- مکتبہ جامعہ نئی دہلی یا اسلامی کتاب گھر سیوہارہ ضلع بجنور

لائق مصنف نے یہ کتاب بھی نہایت سہل اور سلیس زبان میں بچوں کے لیے لکھی ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سوانح طیبہ چھوٹے چھوٹے جملوں کی شکل میں ایک نئے انداز سے لکھے ہیں۔ بقول مولوی عبدالحق صاحب سکرٹری انجمن ترقی اُردو (ہند) یہ واقعی "بڑے کام کی کتاب ہے اور اس قابل ہے کہ اسلامی مکاتب کے کورس میں داخل کی جائے۔"

حالی از کوثر صاحب چاندپوری تقطیع خورد ضخامت ۳۰ صفحات قیمت ۳ر پتہ جعفری برادرس پریم پلنٹر اور ادھوی پریس الہ آباد۔

کوثر صاحب اُردو کے مشہور افسانہ نویس ہیں۔ آپ نے اس کتاب میں بچوں کے لیے مولانا حالی